فوری ریلیز کے لیے: 23/12/2022 **گورنر *KATHY HOCHUL***

### ***گورنر HOCHUL کی جانب سے 2030 تک 30 فیصد زمین اور پانی کو محفوظ کرنے کے لیے قانون سازی پر دستخط***

***مسودۂ قانون (S.6191A/A.5390B) حیاتیاتی تنوع کو فروغ دینے اور زمین اور پانی کو محفوظ کرنے کے لیے تحفظ کا ہدف مقرر کرتا ہے***

***صدر بائیڈن کی مقرر کردہ "America the Beautiful" پہل کاری کے قومی ہدف کی حمایت کرتا ہے***

گورنر Kathy Hochul نے آج مسودۂ قانون (A.5390B/S.6191A) پر دستخط کیے ہیں جو سنہ 2030 تک کم از کم 30 فیصد امریکی زمین اور پانی کو محفوظ کرنے کے لیے قومی کوششوں کی حمایت اور تعاون کرنے کا ہدف مقرر کرتا ہے۔ یہ قانون حیات حیاتیاتی تنوع کو فروغ دے گا اور نیو یارک کی جنگلی حیات، جنگلات اور صاف پانی کے ذرائع کو محفوظ رکھے گا، جو نیو یارک کی صحت اور معیشت کے لیے ضروری ہیں۔

**گورنر Kathy Hochul نے کہا،** "نیو یارک کے لوگ تفریح کے لیے ہمارے صاف پانی، جنگلی حیات کو رہائش فراہم کرنے کے لیے جنگلات، اور ملازمتوں اور مہم جوئی کے لیے بیرونی جگہوں پر انحصار کرتے ہیں۔ ان وسائل کی حفاظت کرنا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے اور سنہ 2030 تک 30 فیصد عوامی اراضی کو محفوظ کرنے کا ہدف طے کرنا اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہم اپنی ریاست کی آئندہ نسلوں کے لیے حفاظت کر رہے ہیں۔"

مسودۂ قانون S.6191A/A.5390B ہدف مقرر کرتا ہے اور محکمۂ تحفظ ماحولیات اور پارکوں، تفریح اور تحفظِ تاریخ کے دفتر سے حصہ داروں کے ایک وسیع گروہ کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے حکمتِ عملی اور طریقۂ کار تیار کرنے کا متقاضی ہے۔ یہ کوششیں ریاست کی تحفظ کی موجودہ کوششوں پر استوار ہوں گی۔

**رکنِ اسمبلی Patricia Fahy نے کہا،** "آج x3030 قانون سازی پر دستخط کرتے ہوئے، گورنر Hochul نے ماحول کو ایک زبردست تحفہ دیا ہے جو تعطیلات کے بعد طویل عرصے تک جاری رہے گا۔ میں تحفظِ ماحولیات کے لاتعداد حامیوں کی شکرگزار ہوں جنہوں نے x3030 کو ترجیح دی اور گورنر کی اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ نیو یارک ایک بار پھر زمین اور پانی کے تحفظ کے معاملے پر قوم کی رہنمائی کرنے میں مدد کرے، اور مستقبل کے استعمال اور لطف اندوزی کے لیے عوامی زمینوں کی حفاظت کی ہماری طویل اور قابلِ فخر میراث کو جاری رکھے۔ ہمارے عالمی اور قومی ماحولیاتی نظام کو اب اور آنے والے سالوں میں موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں انتہائی دشواریوں کا سامنا ہے۔ صرف ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ہی، سالانہ 1 ملین ایکڑ رقبہ ترقی کی وجہ سے کھو جاتا ہے، جبکہ عالمی سطح پر، جانداروں کی 1 ملین انواع کو اب رہائش گاہ کے نقصان کی وجہ سے معدوم ہونے کا خطرہ ہے۔ جیسا کہ موسمیاتی تبدیلی قدرتی آفات کی کثرت کو بڑھانا جاری رکھے ہوئے ہے، قدرتی آب و ہوا کی لچک ان موسمی واقعات کے تباہ کن اثرات کو کم کرنے میں مدد کرنے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہے"۔

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ تحفظِ ماحولیات کے کمشنر Basil Seggos نے کہا،** "میں گورنر Hochul کو اس مسودۂ قانون پر دستخط کرنے پر سراہتا ہوں، جو ریاست کی تحفظ کی جاری کوششوں کی تکمیل کرتا ہے اور اس کا

مقصد سنہ 2030 تک 30 فیصد زمین کو محفوظ کرنا ہے، جس سے عالمی سطح پر اہم رہائش گاہوں کے تحفظ میں اور نیو یارک کے آب و ہوا کے مقاصد کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ جبکہ ریاست نیو یارک اس مقصد کو آگے بڑھانے کے لیے اپنے قومی اور بین الاقوامی ساتھیوں کے ساتھ شامل ہو رہی ہے، محکمۂ تحفظِ ماحولیات (Department of Environmental Conservation, DEC) عوام اور ہمارے شراکت داروں کے ساتھ مل کر اہم کام کو آگے بڑھانے اور آنے والی نسلوں کے فائدے کے لیے ماحولیاتی تحفظ کی ہماری وراثت کو استوار کرنے کا منتظر ہے"۔

**پارکوں کے ریاستی محکمے کے کمشنر Erik Kulleseid نے کہا،** "جوں جوں ہم نئے سال کے قریب آتے ہیں، ہمیں یاد دلایا جاتا ہے کہ ریاست نیو یارک گورنر Hochul کی قیادت میں اپنے ماحول کے تحفظ کے لیے بہت پیشرفت کر رہی ہے۔ ہم اپنی زمین اور پانی کے تحفظ اور بیرونی تفریح تک رسائی کو بڑھانے کے لیے جارحانہ انداز میں کام کرنے کے منتظر ہیں کیونکہ ہم سات سالوں میں اس ہدف تک پہنچ جائیں گے"۔

**نیو یارک میں Nature Conservancy کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Bill Ulfelder نے کہا،** " Nature Conservancy گورنر Hochul اور بل کے کفیلوں رکنِ اسمبلی Fahy، اور سینیٹر Kaminsky کو ان کی مستقل تحفظ کی قیادت کے لیے سراہتی ہے۔ چونکہ ہمارے قدرتی وسائل کو ماحولیاتی تبدیلی، ترقی، اور حملہ آور کیڑوں اور بیماریاں پھیلانے والے جرثوموں جیسے بڑھتے ہوئے خطرات کا سامنا ہے، یہ قانون پورے نیو یارک میں بچاؤ، بحالی اور تحفظ کی رفتار اور پیمانے کو بڑھا دے گا۔ 30 بائی 30 کا یہ نیا ہدف جنگلی حیات کی رہائش کے تحفظ، جنگلات کی صحت کو بہتر بنانے، مقامی خاندانی کھیتوں کی حفاظت، پارکوں اور فطرت کے تحفظات تک رسائی کو بڑھانے اور ہمارے صاف پانی کی حفاظت کے لیے باہمی تعاون کے کام کو تقویت دے گا۔ Nature Conservancy ریاستی قائدین، مقامی لوگوں، کسانوں، ماہرینِ جنگلات، ماہی گیروں، شکاریوں اور دیگر کے ساتھ شراکت داری کے لیے پُرجوش ہے تاکہ نیو یارک کے تمام مکینوں کے فائدے کے لیے تحفظ کا ایک قوی منصوبہ بنایا جا سکے"۔

**نیو یارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز کی صدر Julie Tighe نے کہا،** "موسمیاتی تبدیلی اور حیاتیاتی تنوع کے نقصانات کے مسابقتی بحران اب عملی اقدام کا مطالبہ کرتے ہیں، اور یہ وہی ہے جو گورنر Hochul نے 30x30 کے مسودے پر دستخط کرکے اور نیو یارک کو سنہ 2030 تک ریاست کی زمین اور پانی کے 30 فیصد کے تحفظ کے راستے پر ڈال دیا ہے۔ نیو یارک لیگ آف کنزرویشن ووٹرز گورنر Hochul کو ان کی جرات مندانہ ماحولیاتی قیادت کے ساتھ ساتھ سینیٹر Todd Kaminsky اور رکنِ اسمبلی Patricia Fahy کو مقننہ کے ذریعے اس اقدام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ان کی انتھک کوشش کرنے کے لیے سلام پیش کرتی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ دوسری ریاستیں نیو یارک کی قیادت کی پیروی کریں اور اسے ایک حقیقی قومی کوشش بنائیں"۔

**اوپن سپیس انسٹیٹیوٹ کے صدر اور سی ای او Kim Elliman نے کہا،** "صاف ہوا اور پینے کے پانی کے لیے ریاست کے قیمتی قدرتی وسائل، تفریحی مواقع میں توسیع، جنگلی حیات کے لیے تعاون، اور آب و ہوا کے تحفظ کے لیے تزویراتی زمین کا تحفظ ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوا ہے۔ نیا دستخط شدہ '30 بائی 30' مسودۂ قانون اب اور مستقبل میں تحفظ کو ترجیح دیتا ہے۔ ہم زمین اور جو کچھ بھی یہ فراہم کرتی ہے، اس کے ہمیشہ کے لیے چھن جانے سے پہلے اس کا تحفظ کرنے پر گورنر Kathy Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں"۔

**وسط اٹلانٹک ریجن اور ریاست نیو یارک کے سرکاری زمینوں کے ٹرسٹ کے ڈائریکٹر کے نائب صدر Carter Strickland نے کہا،** "ٹرسٹ فار پبلک لینڈ نیو یارک کے قدرتی وسائل کے پروگرام کے لیے اس واضح ہدف کو اپنانے اور یہ دکھانے کے لیے گورنر اور مقننہ کو خراج تحسین پیش کرتا ہے کہ ریاستیں اس ابھرتے ہوئے بین الاقوامی معیار کو اپنانے میں رہنمائی کر سکتی ہیں۔ جنگلی علاقوں کو ایک طرف رکھنا لوگوں اور فطرت کو دوبارہ تقویت حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے، اور ہمارے سائنسی اور معاشی مطالعات سے پتہ چلتا ہے کہ محفوظ زمینی اور سمندری علاقے تفریحی مواقع فراہم کرکے، ہمارے پینے کے پانی کی حفاظت کر کے، ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں سے بچا کر، اور مقامی خوراک کی پیداوار کو یقینی بنا کر ہمارے علاقوں کو فائدہ پہنچاتے ہیں"۔

**اوڈوبون نیو یارک کی سینئر پالیسی مینیجر Erin McGrath نے کہا،** "پرندے ہمیں بتا رہے ہیں کہ رہائش گاہ میں کمی اور موسمیاتی تبدیلیاں دو سب سے بڑی مشکلات ہیں جن کا انہیں سامنا ہے، اور ہم پر لازم ہے کہ سنہ 2030

تک اپنی 30 فیصد زمینوں اور پانیوں کو محفوظ کر کے ان کی پکار کا جواب دیں۔ مسکن کے تناسب کو محفوظ کرنے یا بحال کرنے سے ہمیں حیاتیاتی تنوع میں کمی کو روکنے، ماحولیاتی نظام کے افعال کو تحفظ دینے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے لیے لچک بڑھانے میں مدد ملے گی - اور پرندوں اور لوگوں کو پھلنے پھولنے کے لیے کم از کم 30 فیصد کی ضرورت ہے۔ ہم اس اہم ترین قانون پر دستخط کرنے کے لیے گورنر Hochul، اور رکنِ اسمبلی Fahy اور سینیٹر Kaminsky کو اس بل کی حمایت کرنے پر سراہتے ہیں۔ ہم پرندوں اور لوگوں کے لیے اپنے قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے ماحولیاتی تحفظ کے محکمے، ماحولیاتی تحفظ کی برادری میں اپنے ساتھیوں، اور ریاست بھر کے نیو یارک کے مکینوں کے ساتھ شراکت داری کے منتظر ہیں"۔

**لینڈ ٹرسٹ الائنس کی سینئر پروگرام مینیجر Meme Hanley نے کہا،** "سنہ 2030 تک نیو یارک کی 30 فیصد زمینوں اور پانیوں کی حفاظت سے بیرونِ خانہ مقامات تک زیادہ مساوی رسائی ملے گی، مقامی خوراک کی پیداوار میں مدد ملے گی، سیلاب کے خطرے میں کمی ہو گی، موسم گرما میں درجۂ حرارت میں کمی ہو گی خصوصاً شہری علاقوں میں اور حیاتیاتی تنوع کا بحران حل ہو گا۔ اس مسودۂ قانون پر دستخط کر کے، گورنر Kathy Hochul اور نیو یارک نے ایک بار پھر نیو یارک کے مکینوں کو موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے بچانے کے لیے اپنی قیادت کا مظاہرہ کیا ہے۔ لینڈ ٹرسٹ الائنس گورنر Hochul، رکنِ اسمبلی Patricia Fahy اور سینیٹر Todd Kaminsky کی قیادت کو ان نازک مسائل کے حل کے لیے سراہتا ہے۔ الائنس اور نیو یارک کی لینڈ ٹرسٹ کمیونٹی منصوبہ بندی کی کوششوں میں مدد کرنے اور مقصد کو پورا کرنے میں مدد کے لیے تیار ہے"۔

**سینک ہڈسن کے صدر Ned Sullivan نے کہا،** "ہم گورنر Kathy Hochul کے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے 30 x 30 بل پر دستخط کیے، جو ان کے شاندار ماحولیاتی ریکارڈ پر استوار ہے۔ ہم مسودۂ قانون کے قانون ساز کفیلوں، رکنِ اسمبلی Pat Fahy اور سینیٹر Todd Kaminisky نیز ریاست کے اہم ماحولیاتی اہداف کو حاصل کرنے کے لیے انتظامی اور قانون ساز شاخوں کے درمیان تعاون کے ٹریک ریکارڈ کو جاری رکھنے کے لیے سراہتے ہیں۔ یہ نیو یارک میں حیاتیاتی تنوع، آب و ہوا کی لچک، کھیتوں کے تحفظ اور بیرونِ خانہ تفریح کے لیے زمینوں کے تحفظ کے لیے مسلسل عزم کی بنیاد رکھے گا۔ سینک ہڈسن وادی ہڈسن میں اس اقدام کی حمایت میں شراکت کے لیے تیار ہے"۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418